© rasailojaraid.com



ادارہ

## انا للہ وانا الیہ راجعون

# مسافرانِ آخرت

☆ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے ناظم دعوت وارشاد حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر کے چچا جناب عبدالخالق ڈوگر ۶ رجنوری ۲۰۰۷ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے قدیم و بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔

☆ چیچہ وطنی چک نمبر ۴۸۔۱۲ ایل میں جماعت کے قدیم معاون محترم ماسٹر غلام طاہر کی اہلیہ ۹ ردسمبر کو انتقال کر گئیں۔

☆ ملتان میں ہمارے معاون و مہربان امان اللہ شیخ صاحب کی خوش دامن صاحبہ دسمبر ۲۰۰۶ء کو رحلت کر گئیں۔

☆ ملک وزیر اعوان ایڈووکیٹ مرحوم (ملتان) ☆ مولوی عبدالسلام مرحوم ملتان۔ ۱۱ رجنوری ۲۰۰۶ء

☆ مولانا گل شیر شہیدؒ کے نواسہ مفتی ہارون مطیع اللہ کی پھوپھی اور مولانا عطاء اللہ مرحوم کی ہمشیر ۶ رجنوری ۲۰۰۷ء کو انتقال کر گئیں۔

☆ مولانا عطاء اللہ مرحوم (ملھووالی) کے ماموں جناب محمد صاحب اور ملھووالی کے ایک دیندار حاجی عبداللطیف صاحب دکاندار گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحومین خانوادۂ مولانا گل شیر شہیدؒ سے تعلق اور بے انتہا عقیدت رکھتے تھے۔

☆ مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے معاون محمد الیاس ڈوگر کے والد محمد طفیل ڈوگر ۲۱ رجنوری کو انتقال کر گئے۔

☆ محمد جاوید مرحوم (جواں سال بھانجا، محمد الیاس میراں پوری) ۲۰ رجنوری ۲۰۰۷ء۔ بروز ہفتہ، میلسی

☆ چودھری عبداللطیف مرحوم: جناب حافظ محمد عرفان اور بھائی فرقان کے ماموں، جامع مسجد گل شاہ (ملتان) کے خادم اور ہمارے کرم فرما تھے۔ انتقال ۲۴ رجنوری ۲۰۰۷ء

### جناب حکیم شیخ نجم الہدیٰ کو صدمات:

وزیر آباد میں ہمارے دیرینہ کرم فرما گزشتہ ماہ سے لے کر اب تک صدمات کی زد میں ہیں۔ ۱۸ ردسمبر ۲۰۰۶ء کو ان کی ہمشیر انتقال کر گئیں۔ اس کے کچھ ہی دنوں بعد ان کی ممانی ساس صاحبہ انتقال کر گئیں۔ اور دو دن بعد سسر صاحب ۹ رجنوری ۲۰۰۷ء انتقال کر گئے۔ ۱۲ رجنوری ۲۰۰۷ء کو اہلیہ انتقال کر گئیں۔

ادارہ تمام احباب کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے اور تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

☆ ماہنامہ ’’مسیحائی‘‘ (کراچی) کے مدیر اعلیٰ جناب مخدوم زادہ احمد خیرالدین انصاری عارضہ قلب میں مبتلا ہیں۔

اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com